**30.05.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............. شگفتہ یاسمین

**Music**

---

☆ کرناٹک میں کانگریس قانون ساز پارٹی نے ڈی کے شیوکمار کو اپنا لیڈر منتخب کیا ہے۔ وہ بدھ کے روز نئے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے حلف لیں گے۔

☆ کیمیاوی کھاد کے متوازن اور سوچ سمجھ کر استعمال کو فروغ دینے کی خاطر پیر سے ایک ماہ طویل ''کھیت بچاؤ ابھیان'' شروع ہوگا۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی کل آکاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے مشرقی راجستھان، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ اور ودربھ میں کل اُولے گِرنے اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ بیڈمنٹن میں ساتوک سائی راج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی کی جوڑی، سنگاپور اوپن کے مردوں کے ڈبلز کے فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

☆ اور خواتین کرکٹ میں، **Bristol** میں دوسرے ٹی–ٹوینٹی میچ میں انگلینڈ نے بھارت کے سامنے 169 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

***Karnataka Meeting***

کرناٹک میں وزیر اعلیٰ کے عہدے سے سدا رمیا کے استعفے کے بعد ودھان **Soudha** میں کانگریس قانون ساز پارٹی کی میٹنگ میں ڈی کے شیو کمار کو نیا لیڈر منتخب کیا گیا ہے۔ اِس سلسلے میں سدا رمیا اور ڈاکٹر جی پرمیشور کی جانب سے پیش کی گئی قرارداد کو ارکانِ اسمبلی نے منظور کرلیا۔

اِس طرح ڈی کے شیوکمار کرناٹک کے نئے وزیر اعلیٰ ہوں گے۔ جناب شیو کمار کو لیڈر منتخب کرنے سے متعلق قرارداد منظور کئے جانے کے بعد میٹنگ میں آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے جنرل سکریٹری کے سی وینو گوپال نے سبھی کانگریس ارکانِ اسمبلی کو باضابطہ طور پر اِس فیصلے سے مطلع کیا۔

بعد میں نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے جناب وینو گوپال نے اعلان کیا کہ پارٹی کے ارکانِ اسمبلی نے

اتفاق رائے سے ڈی کے شیو کمار کو اپنا لیڈر منتخب کیا ہے اور وہ سرکار بنانے کا دعویٰ پیش کرنے کیلئے گورنر موصوف سے ملنے جائیں گے۔ انھوں نے یہ بھی بتایا کہ حلف برداری کی تقریب 3جون کو ہوگی۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

**VC Sudhindra**

تناؤ سے بھرے کچھ لمحات کے بعد یہ خبر سامنے آئی کہ ڈی کے شیو کمار کو کانگریس قانون ساز پارٹی کا لیڈر منتخب کرلیا گیا ہے۔ سبکدوش ہونے والے وزیر اعلیٰ سدا رمیا نے ایک سطر پر مشتمل یہ قرارداد پیش کی تھی کہ قانون ساز پارٹی کے لیڈر کے انتخاب کا معاملہ آل انڈیا کانگریس کمیٹی پر چھوڑ دیا جانا چاہیئے۔ اِس کے بعد AICC کے جنرل سکریٹری کے سی وینو گوپال اور رندیپ سنگھ سُرجے والا نے ودھان Soudha میں وزیر اعلیٰ کے چیمبر میں سدا رمیا کے ساتھ علیحدہ علیحدہ بات چیت کی۔
اِس طرح قانون ساز پارٹی کی میٹنگ میں وقفے کے بعد جب یہ دوبارہ شروع ہوئی تو ڈی کے شیو کمار کو لیڈر منتخب کرلیا گیا۔ اس کے بعد ریاست کے گورنر نے ڈی کے شیو کمار کو وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے حلف لینے کیلئے مدعو کیا۔
ریاست کے گورنر کے ساتھ ملاقات کے بعد یہ اعلان کیا گیا کہ ڈی کے شیو کمار اور اُن کے کابینہ ساتھیوں کی حلف برداری کی تقریب 3جون کو سہ پہر چار بجکر پانچ منٹ پر ہوگی۔
بینگلورو سے Sudhindra کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

***Chouhan Khet Bachao Abhiyan Meet***

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ کھیتوں، کسانوں اور گاؤوں کو جوڑتے ہوئے ''کھیت بچاؤ ابھیان'' کو ایک جامع قومی مہم کی شکل دی جانی چاہیئے۔ وزیر موصوف نے آج نئی دلّی میں 'کھیت بچاؤ ابھیان' کی تیاریوں کے سلسلے میں اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے یہ بات کہی۔
میٹنگ کے دوران جناب چوہان نے کہا کہ مذکورہ مہم میں کیمیاوی کھاد کے متوازن اور سوچ سمجھ کر استعمال کرنے، موسم سے وابستہ چیلنجوں کے مدنظر کسانوں کو بروقت صلاح دینے، پنچایت سطح پر سرگرم شمولیت اور متعلقہ اسکیموں کے فائدے سیدھے گاؤوں تک پہنچانے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔
پیش ہے ایک رپورٹ.........

**VC Anupam Mishra**

پیر کے روز سے ملک بھر میں ''کھیت بچاؤ ابھیان'' کا آغاز ہوگا اور یہ 30جون تک جاری رہے گا۔ اِس مہم میں شامل سبھی اداروں کے اہم رابطہ کار کے طور پر کرشی وگیان کیندر کو مقرر کیا گیا ہے۔ ایک ہزار 600سے زیادہ ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں اور کھاد کے زیادہ استعمال والے 100 اضلاع کیلئے کُل 500ٹیمیں بنائی گئی ہیں۔ مہم کے دوران کھیتوں کو بچانے اور کسانوں کو بروقت

اور صحیح رہنمائی فراہم کرنے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ زراعت کی وزارت نے زور دے کر کہا ہے کہ کیمیائی کھاد کے بے تحاشہ استعمال کو کم کرنا اِس مہم کا اصل مقصد ہے۔

کسانوں کو کھاد کے متوازن استعمال اور مٹی کی جانچ کی بنیاد پر دیگر زرعی سامان کو استعمال میں لانے، ماحول کیلئے سازگار کھاد، نامیاتی اور حیاتیاتی اشیاء کے استعمال کو فروغ دینے کے سلسلے میں معلومات فراہم کی جائے گی۔

دِلی سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد اعظم خان

## PM Mann Ki Baat

وزیر اعظم نریندر مودی کل دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر ’’من کی بات‘‘ پروگرام میں ملک اور بیرون ملک، لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 134واں نشریہ ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام نیٹ ورک، AIR نیوز کی ویب سائٹ اور newsonair موبائل ایپ پر بھی نشر ہوگا۔ اِسے AIR نیوز، ڈی ڈی نیوز، وزیر اعظم کے دفتر اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر براہِ راست سنا جاسکے گا۔ ہندی نشریے کے فوراً بعد آکاشوانی سے اِس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشر کیا جائے گا۔x

## Jitendra Singh

عملے، عوامی شکایات اور پنشن محکمے کے وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج نئی دلّی میں مصنوعی ذہانت AI پر مبنی CPGRAMS Voice Chatbot ’’سمادھان دیدی‘‘ کا آغاز کیا۔ اِسے Bhashini کے اشتراک سے انتظامی اصلاحات اور عوامی شکایات کے محکمے نے تیار کیا ہے۔ اِس Chatbot کے توسط سے لوگ گفتگو کے ذریعے عوامی شکایات درج کراسکیں گے۔

میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے ’’سمادھان دیدی‘‘ کو شکایات کے ازالے سے متعلق سرکار کے نظام کو سبھی کیلئے دستیاب کرانے کی سمت ایک اہم قدم قرار دیا۔

وزیر موصوف نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ ’’سمادھان دیدی‘‘ سردست سبھی 22شیڈولڈ بھارتی زبانوں میں کام کرے گا اور اِس میں مزید علاقائی اور مقامی زبانیں شامل کرنے کیلئے کوششیں جاری ہیں۔

**S/B Jitendra Singh**

## Cotton Custom Duty

سرکار نے کپاس کی درآمد کو اگلے مہینے کی پہلی تاریخ سے اِس سال 31اکتوبر تک کسٹمز ڈیوٹی سے عارضی طور پر مستثنیٰ کردیا ہے۔ ایک نوٹیفکیشن میں ٹیکسٹائلس کی وزارت نے کہا ہے کہ کپاس کے کسانوں اور کپاس سے متعلق پوری Value Chain کے مفاد کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس میں کہا گیا ہے کہ اب جب کہ کپاس کا سیزن نہیں ہے تو اِس قدم پر عمل درآمد سے ٹیکسٹائل صنعت کیلئے کپاس کی مناسب دستیابی کو یقینی

بنایا جاسکے گا، MSME اداروں کی مدد ہوسکے گی، لاگت کو اعتدال پر لایا جاسکے گا اور بھارتی ٹیکسٹائلس کی مسابقت کو مستحکم بنایا جاسکے گا۔ وزارت نے زور دے کر کہا ہے کہ اِس اقدام سے کسانوں کے مفادات کا تحفظ ہوگا اور مارکیٹ میں استحکام کو یقینی بنایا جاسکے گا۔x

## Vaishnaw Noida

الیکٹرانک اور IT محکمے کے وزیر اشونی ویشنو نے آج گریٹر نوئیڈا کے سورج پور میں LOHUM کا دورہ کیا، جو پائیدار اہم معدنیات اور جدید سازوسامان تیار کررہا ہے۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ مختلف جدید ٹیکنالوجیوں میں لیتھیئم بیٹریاں اور مقناطیس کلیدی رول ادا کرتے ہیں اور وزیراعظم نریندر مودی کا نظریہ ہے کہ اِنہیں بھارت میں ہی تیار کیا جائے اور اُس کی ٹیکنالوجی کو بھی اندورنِ ملک ہی تیار کیا جائے۔ اُنہوں نے کہا کہ اِس نظریے سے مطابقت رکھتے ہوئے Lohum نامی ایک نئے اسٹارٹ اَپ نے کامیابی کے ساتھ یہ اہم ٹیکنالوجی تیار کی ہے۔

**2045 Ashwini Vaishnav Battery**

## Myanmar President

میانما کے صدر U.Min Aung Hlaing بھارت کے پانچ روزہ دورے کے تحت آج شام نئی دلی پہنچے ہیں۔ خارجی امور کے مرکزی وزیر مملکت کیرتی وردھن سنگھ نے ہوائی اڈّے پر اُن کا خیرمقدم کیا۔ اِس سے قبل آج میانما کے صدر نے بہار کے گیا کا دورہ کیا اور وہاں مہا بودھی مندر میں پوجا ارچنا کی۔ اُن کے ہمراہ مختلف کابینی وزراء، سینئر عہدیداران اور کاروباری رہنماؤں کا ایک اعلیٰ سطحی وفد بھی ہے۔ میانما کے صدر کا عہدہ سنبھالنے کے بعد یہ اُن کا بھارت کا پہلا دورہ ہے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج اُن سے ملاقات کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر ڈاکٹر جے شنکر نے طویل مدتی باہمی اشتراک کو مستحکم کرنے کے تئیں میانما کے صدر کی مثبت سوچ کی ستائش کی۔

اُنہوں نے کہا کہ وہ امن ترقی و خوشحالی کی خاطر شراکتداری کی پیش رفت کے سلسلے میں وزیراعظم نریندر مودی کے ساتھ جناب Hlaing کی میٹنگ کے منتظر ہیں۔ میانما کے صدر دونوں ملکوں کے درمیان تاریخی اور تہذیبی روابط کو مزید مستحکم کرنے کی خاطر پیر کے روز وزیراعظم مودی سے بات چیت کریں گے۔ وہ ایک کاروباری فورم میں بھی شرکت کریں گے۔×

## Ayushman Bharat Milestone

قومی صحت اتھارٹی کی جانب سے نافذ کردہ آیوشمان بھارت ڈیجیٹل مشن کے تحت ملک بھر میں 90 کروڑ آیوشمان بھارت ہیلتھ اکاؤنٹس ABHA کا تاریخی سنگ میل حاصل کیا گیا ہے۔ صحت و خاندانی بہبود کی وزارت نے کہا ہے کہ ایک مربوط، مشترکہ طریقۂ کار اور شہریوں پر مرکوز ڈیجیٹل صحت ایکو نظام کی جانب بھارت کے سفر

میں یہ ایک اہم پیش رفت ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ 2021میں 14 کروڑ سے زیادہ ABHA اکاؤنٹس کی تعداد بڑھ کر اِس سال 90 کروڑ ہوگئی ہے۔×

## Delhi Police Arrest

دلّی پولیس کے خصوصی شعبے نے پاکستان کی ISI اور ممبئی کے جرائم پیشہ گروہ کے نیٹ ورک کے اشارے پر کام کرنے والے آٹھ ملزموں کو گرفتار کیا ہے۔ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے دلّی پولیس کے خصوصی شعبے کے خصوصی پولیس کمشنر انل شکلا نے بتایا کہ اِن ملزموں کو دلّی میں اہم تنصیبات اور سکیورٹی اہلکاروں پر حملہ کرنے کا کام سونپا گیا تھا۔

انھوں نے کہا کہ اِن ملزموں کے قبضے سے ہتھیار اور دھماکہ خیز مادّہ ضبط کیا گیا ہے۔ جناب شکلا نے بتایا کہ یہ ملزم سرحد پار اپنے آقاؤں کے اشارے پر کام کر رہے تھے۔ اِنھیں دلّی، مہاراشٹر اور پونے سے گرفتار کیا گیا ہے۔x

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے کَل آندھراپردیش، گجرات، کیرالہ، ماہے، لکشدیپ اور ملک کے شمال مشرقی حصوں میں تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ اگلے دو دن کے دوران اڈیشہ، تمل ناڈو، پدوچیری، کرائیکل اور مدھیہ پردیش میں بھی شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔

موسمیات محکمے نے مشرقی راجستھان، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ اور ودربھ خطے میں کَل آندھی اور ژالہ باری کے ساتھ بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ اس کے علاوہ دلّی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، پنجاب، اترپردیش، بہار اور مغربی بنگال میں گنگا کی ترائی والے خطے میں بھی کَل گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔x

## Keralam Monsoon

کیرالم میں مانسون سے پہلے کی بارش ہونے کے تناظر میں بھارتی موسمیات محکمے نے تیروننت پورم ضلع کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ ضلع کے کئی حصوں میں موسلادھار بارش ہوئی ہے۔ کئی علاقوں سے پانی جمع ہوجانے اور ٹریفک میں خلل پڑنے کی اطلاع ملی ہے۔

موسمیات محکمے نے کہیں کہیں موسلادھار بارش کی پیشگوئی کرتے ہوئے 7ضلعوں میں آج کیلئے اور 6ضلعوں میں کل کیلئے Yellow الرٹ جاری کیا ہے۔

بھارتی موسمیات محکمے کے مطابق اگلے چار پانچ دن میں کیرالم اور تمل ناڈو کے بعض حصوں میں جنوب مغربی مانسون کے پہنچنے کیلئے حالات تیزی کے ساتھ سازگار ہوتے جارہے ہیں۔

ماہی گیروں کو یہ صلاح دی گئی ہے کہ وہ موسم کے ناموافق حالات کے مدنظر 3جون تک کیرالم اور لکشدیپ کے ساحل کے نزدیک سمندر میں نہ جائیں۔x

## ***Naidu Diigi Yatra App***

شہری ہوا بازی کے مرکزی وزیر رام موہن نائیڈو نے **DIGI YATRA APP** کے ذریعے دس کروڑ سے زیادہ بلارکاوٹ سفر کے تجربات کو یقینی بنانے کیلئے **DIGI YATRA** ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔ جناب نائیڈو نے کہا کہ اِس سنگ میل سے بلارکاوٹ، پیپر کے بغیر اور کسی خاص رابطے کے بغیر مسافروں کے بڑھتے اعتماد کی عکاسی ہوتی ہے۔ وزیر موصوف نے یومیہ گھریلو مسافروں کی تعداد کو اُجاگر کیا جو **2014**میں اوسط دو لاکھ مسافروں سے کم تھی، جبکہ گزشتہ تین برس میں کئی موقعوں پر یہ پانچ لاکھ سے تجاوز کرگئی ہے۔×

## ***Badminton***

بیڈمنٹن میں ستوک سائی راج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی کی مردوں کے ڈبلز کی بھارتی جوڑی آج سنگاپور اوپن ٹورنامنٹ کے فائنل میں پہنچ گئی۔ بھارتی جوڑی نے سیمی فائنل مقابلے میں عالمی نمبر ایک جنوبی کوریا کی جوڑی **Seo Seung-Jae** اور **Kim Won-Ho** کو اکیس–اُنیس، اکیس–اٹھارہ سے ہرایا۔

اِس سے قبل **Dhruv Kapila** اور **Tanisha Crasto** کی مکسڈ ڈبلز کی بھارتی جوڑی سیمی فائنل میچ میں جاپان کی جوڑی سے سولہ–اکیس، اکیس–سترہ، تیرہ–اکیس سے ہار گئی۔×

## ***Cricket Womens***

خواتین کرکٹ میں تین ٹی–ٹوینٹی میچوں کی سیریز کے تحت برسٹل میں کھیلے جارہے دوسرے ٹی–ٹوینٹی میچ میں انگلینڈ کی ٹیم نے بھارت کی جیت کیلئے **169**رن کا نشانہ رکھا ہے۔

اب سے کچھ دیر پہلے تک خواتین کی بھارتی ٹیم نے **12**اوورز میں **2**وکٹ پر **95**رن بنالئے تھے۔

اِس سے قبل انگلینڈ نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ انگلینڈ نے مقررہ **20**اوورز میں پانچ وکٹ کے نقصان پر **168**رن بنائے تھے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆